# پری اسکول فیلڈ آفیسر پروگرام

## پری اسکول فیلڈ آفیسر پروگرام (PSFO) کیا ہے؟

PSFO پروگرام وکٹورین حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والی کنڈرگارٹن خدمات کو عملی مشورے اور مدد فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ اضافی ضروریات والے بچوں کی شمولیت، رسائی، سیکھنے، نشوونما اور بامعنی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ان کی صلاحیت میں اضافہ کیا جا سکے۔

PSFO متعدد معاونتیں فراہم کرتے ہیں جن میں معلومات، وسائل، پروگرام کی حکمت عملیوں، ایجوکیٹر کی جانب سے بچے کی اضافی ضروریات کی نشاندہی میں تعاون، ایجوکیٹر کی کوچنگ، مخصوص حکمت عملیوں کی ماڈلنگ، اور ریفرل پاتھ ویز کی شناخت شامل ہیں۔ یہ معاونتیں ایجوکیٹرز کو ان کے اعتماد، علم اور مہارتوں کو بڑھانے میں مدد دیتی ہے تاکہ وہ کنڈرگارٹن کے ایک ایسے جامع پروگرام کی منصوبہ بندی اور فراہمی کر سکیں جو اضافی ضروریات والے بچوں کی ضروریات کے لیے موزوں ہو۔

## PSFO سروس کے لیے کون اہل ہے؟

تمام وکٹورین فنڈڈ کنڈرگارٹن پروگرام PSFO سروس حاصل کرنے کے اہل ہیں تاکہ وہ کنڈرگارٹن پروگرام میں اضافی ضروریات والے بچوں کی رسائی، شمولیت اور شرکت میں مدد دے سکیں۔ اس میں چار سالہ کنڈرگارٹن، تین سالہ بچوں کے فنڈڈ کنڈرگارٹن اور ارلی اسٹارٹ کنڈرگارٹن میں داخلہ لینے والے بچے شامل ہیں۔

## اضافی ضروریات والے بچے

PSFO پروگرام کے مطابق اضافی ضروریات والے بچے وہ بچے ہیں جن کی نشوونما کے بارے میں تشویشات پائی جاتی ہیں۔ نشوونما کی تشویشات بچوں کی نشوونما کے کسی بھی شعبے سے متعلقہ ہو سکتی ہیں، بات چیت میں تاخیر یا چیلنجنگ رویے سے لے کر متعدد معذوریوں سے دوچار بچے۔ کسی صدمے کے نتیجے میں اضافی ضروریات رکھنے والے بچے بھی PSFO ریفرل کے لیے اہل ہیں۔

اگر کسی بچے کی نشوونما کے حوالے سے [نیشنل ڈس ایبلٹی انشورنس اسکیم (NDIS)] یا ابتدائی بچپن میں معاونت کے تسلسل سے سپورٹ پرووائیڈر کا تعاون حاصل ہے، تو یہ توقع کی جاتی ہے کہ ابتدائی بچپن کا ایجوکیٹر پہلے مرحلہ میں گھرانے کی مشاورت سے اس سپورٹ پرووائیڈر سے مدد طلب کرے گا۔ ابتدائی بچپن میں معاونت کرنے والے پیشہ ور افراد ایسی حکمت عملیاں فراہم کر سکتے ہیں جو بچے کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ سیکھنے کے تجربات میں بامعنی طور پر حصہ لینے میں مدد فراہم کرتی ہیں اور جو دوسری ایسی سیٹنگز میں لاگو کی جانے والی حکمت عملیوں سے مطابقت رکھتی ہیں جہاں بچہ اپنا وقت گزارتا ہے۔

## کیا PSFO سروس کا معاوضہ لیا جاتا ہے؟

PSFO پروگرام تمام اسٹیٹ فنڈڈ کنڈرگارٹن سروسز کے لیے یونیورسل سروس کے تحت بغیر کسی معاوضے کے دستیاب ہے۔

## PSFO سروس کون فراہم کرتا ہے؟

ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کمیونٹی سروس تنظیموں اور مقامی کاؤنسلوں کو اسٹیٹ بھر میں PSFO خدمات فراہم کرنے کے لیے فنڈز فراہم کرتا ہے۔ اس سروس کے لیے ایک آؤٹ ریچ ماڈل (یعنی گھرانوں تک پیغام پہنچانے کا طریقۂ کار) استعمال کرتے ہوئے PSFO کنڈرگارٹن کے پروگرام اور ماحول میں خدمات فراہم کرتے ہیں۔

## PSFO کی کوالیفیکیشنز کیا ہیں؟

چونکہ PSFO کا کردار کنڈرگارٹن ایجوکیٹرز کی صلاحیت کو بڑھانا ہے، PSFO کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک ڈگری یافتہ ابتدائی بچپن کا ایجوکیٹر ہو اور اسے اعلیٰ معیار کے کثیر الثقافتی (inclusive) کنڈرگارٹن پروگراموں کی منصوبہ بندی اور فراہمی کا تجربہ ہو۔

© اسٹیٹ آف وکٹوریہ (ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ) 2021۔ ماسوائے جہاں کچھ اور بتایا گیا ہو، اس دستاویز میں موجود مواد [کریئٹیو کامنز ایٹریبیوشن 4.0 انٹرنیشنل (Creative Commons Attribution 4.0 International)] کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ براہ مہربانی مکمل [کاپی رائٹ نوٹس] چیک کریں

## کیا PSFO گھرانوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں؟

PSFOs کنڈرگارٹن پروگرام کے تناظر میں کام کرتے ہیں۔ PSFO کنڈرگارٹن سیٹنگ میں کسی بچے کو براہ راست معاونت فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹر کے مشیر اور کوچ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس طریقۂ کار کے تحت کنڈرگارٹن سیٹنگ میں بچے اور گھرانے کے ساتھ براہ راست رابطہ شامل ہو سکتا ہے، تاہم، یہ کام ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹر کے تعاون سے اور اس کے ذریعے اس انداز میں کیا جاتا ہے کہ بچے اور گھرانے کے ساتھ ایجوکیٹر کے جاری تعلقات کا احترام قائم رہے۔ PSFO کنڈرگارٹن کے ماحول میں بچے کا براہ راست مشاہدہ کر سکتا ہے اور بچے کی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ اس کی سیکھنے اور نشوونما کی ضروریات کے بارے میں ایجوکیٹر کے جائزے میں مدد کر سکتا ہے۔ PSFOs کنڈرگارٹن پروگرام میں بچے کے لیے ایجوکیٹر کے پروگرام کی منصوبہ بندی میں مدد دیتے ہیں اور گھرانوں کو دستیاب معاونتیں شناخت کرنے اور ان سے منسلک کرنے میں بھی ایجوکیٹر کی مدد کرتے ہیں۔

چونکہ PSFO سروس ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹرز کو اضافی ضروریات رکھنے والے بچے کی انفرادی ضروریات پوری کرنے میں معاونت کرتی ہے، لہذا ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹر کے لیے ضروری ہے کہ وہ PSFO کی مدد حاصل کرنے سے پہلے بچے کے معاملات میں PSFO کی شمولیت کے لیے والدین/سرپرستوں/نگہداشت کرنے والے افراد سے باخبر رضامندی حاصل کرے۔

## کیا والدین PSFO پروگرام سے رابطہ کر سکتے ہیں؟

فنڈڈ کنڈرگارٹن پروگراموں میں جانے والے بچوں کے والدین جو اپنے بچے کی نشوونما کے بارے میں فکر مند ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ پہلے مرحلے میں اپنے بچے کے ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹر سے بات کریں۔ جب ایک والد/والدہ PSFO پروگرام سے براہ راست رابطہ کرتے ہیں تو PSFO متعلقہ ایجوکیٹر سے رابطہ کرے گا تاکہ ریفرل کو آگے بڑھایا جا سکے۔

## ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹرز کی صلاحیت سازی سے کیا مراد ہے؟

PSFO کی صلاحیت سازی کا طریقۂ کار کنڈرگارٹن ایجوکیٹرز کی ان معاملات میں مدد کرتا ہے:

- علم اور ہنر کا حصول تاکہ ضوابط کو پراعتماد طریقے سے لاگو کیا جا سکے اور ایسے پروگرام فراہم کیے جاسکیں جو کنڈرگارٹن کے ایک جامع ماحول میں اضافی ضروریات رکھنے والے بچوں کی انفرادی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور ضروریات پر پورا اترتے ہوں۔
- اپنے آپ کو کنڈرگارٹن پروگرام میں تمام بچوں کے لیے منصوبہ بندی کرنے کی ذمہ داری اور قابلیت کے طور پر دیکھنا اور یہ کہ یہ صرف خصوصی مہارتوں کے حامل پیشہ ور افراد ہی نہیں ہیں جو اضافی ضروریات کے حامل بچوں کی تعلیم اور نشوونما میں مدد کر سکتے ہیں
- اپنے بچوں کی نشوونما کے بارے میں تشویشات رکھنے والے والدین کے سوالات کا جواب دینا۔

مزید معلومات کے لیے پری اسکول فیلڈ آفیسر پروگرام دیکھیں۔



© اسٹیٹ آف وکٹوریہ (ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ) 2021۔ ماسوائے جہاں کچھ اور بتایا گیا ہو، اس دستاویز میں موجود مواد
کریئٹیو کامنز ایٹریبیوشن 4.0 انٹرنیشنل (Creative Commons Attribution 4.0 International) کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ براہ مہربانی مکمل کاپی رائٹ نوٹس چیک کریں

## کنڈرگارٹن پروگرامز کو دستیاب دیگر معاونتیں

PSFO کا کردار دیگر ماہرین کی خدمات اور کنڈرگارٹن سپورٹ کے ذریعہ فراہم کردہ متعدد امداد کو پورا کرتا ہے جس میں شامل ہے:

- ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹرز کی پیشہ ورانہ نشوونما
- معیار اور ضوابط سے ہم آہنگ ابتدائی بچپن کی تعلیم اور دیکھ بھال کی معاونت
- ارلی ایئرز مینجمنٹ (Early Years Management) آرگنائزیشنز
- لُک آؤٹ ایجوکیشن اینڈ سپورٹ سنٹرز (LOOKOUT Education and Support Centres)
- کوری انگیجمنٹ سپورٹ آفیسرز (Koorie Engagement Support Officers) (KESOs) اور کوری ایجوکیشن کوآرڈینیٹرز (Koorie Education Coordinators) (KECs)
- ابتدائی بچپن میں معاونت (Early Childhood Intervention) والے پیشہ ور افراد
- کنڈرگارٹن انکلوژن سپورٹ (Kindergarten Inclusion Support) (KIS) پروگرام
- ایکسس ٹو ارلی لرننگ (Access to Early Learning) (AEL)
- اسکول ریڈینیس فنڈنگ (School Readiness Funding)
  - ایس آر ایف الائیڈ ہیلتھ سپورٹ (SRF Allied Health Support)

## PSFO پروگرام اور اسکول ریڈینیس فنڈنگ (ایس آر ایف) کے ذریعہ پیشکش کردہ معاونتوں میں کیا فرق ہے؟

PSFO سروس فنڈڈ کنڈرگارٹن پروگرام کے لیے اس وقت دستیاب ہوتی ہے جب ابتدائی بچپن کا ایک ایجوکیٹر اضافی ضروریات رکھنے والے کسی انفرادی بچے کی بھرپور شمولیت کے لیے مدد کی درخواست کرتا ہے۔ PSFO کی طرف سے فراہم کردہ حکمت عملیاں کنڈرگارٹن ماحول میں انفرادی بچے کی ضروریات پوری کرنے کی منصوبہ بندی اور اس سلسلے میں اقدامات اٹھانے کے لیے درکار ابتدائی بچپن کے ایجوکیٹر کی صلاحیتوں کو بڑھاتی ہیں۔

SRF تعلیمی محرومیوں کو دور کرنے کے لیے ایک اضافی فنڈنگ ہے اور اس کا ہدف کنڈرگارٹن سروس میں شرکت کرنے والے بچوں کے گروپ کی تعلیمی ضروریات ہیں۔ SRF کئی ایسے پروگراموں اور معاونتوں تک رسائی فراہم کرتا ہے جو تین ترجیحی شعبوں میں بچوں کی تعلیم اور نشوونما میں معاونت کے لیے اساتذہ اور گھرانوں کی مہارتوں اور علم میں اضافہ کرتی ہیں: ان شعبوں میں مواصلات (لسانی نشوونما)، فلاح و بہبود (سماجی جذباتی)، اور رسائی اور شمولیت شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے اسکول ریڈینیس فنڈنگ (School Readiness Funding) ملاحظہ کریں

© اسٹیٹ آف وکٹوریہ (ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ) 2021۔ ماسوائے جہاں کچھ اور بتایا گیا ہو، اس دستاویز میں موجود مواد
کریئٹیو کامنز ایٹریبیوشن 4.0 انٹرنیشنل (Creative Commons Attribution 4.0 International) کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ براہ مہربانی مکمل کاپی رائٹ نوٹس چیک کریں